پُرآشوب اور ہنگامہ خیز دور میں حاکموں، گورنروں اور قاضیوں کے نام تحریر فرمائے ہیں، ان مکتوبات اور فرامین کے مطالعہ سے صدیق اکبرؓ کی لاثانی انتظامی خصوصیات اور طریق کار کا پورا نقشہ سامنے آجاتا ہے۔

اس ترتیب و تفصیل کے ساتھ ایسا مجموعہ اب تک وجود میں نہیں آیا تھا۔ اردو ترجمہ کے ساتھ خطوں سے متعلق ضروری تفصیل بھی دی گئی ہے جس کو پڑھکر ان فرمانوں کا پورا تاریخی پس منظر سامنے آجاتا ہے۔ شروع میں حضرت صدیق اکبرؓ کے خاص حالات سے متعلق ایک بصیرت افروز تعارف بھی ہے۔ آخر میں عربی کے اصل مکتوبات مرتب صورت میں دیئے گئے ہیں۔ مولف و مرتب ڈاکٹر خورشید احمد فارق صاحب اُستاد ادبیات عربی دلی یونیورسٹی۔ بڑی تقطیع۔ قیمت چار روپے۔ مجلد پانچ روپے۔

امام غزالی کا فلسفۂ مذہب و اخلاق

مشہور و معروف محقق اور صوفی و فلسفی حجۃ الاسلام امام ابو حامد محمد الغزالی المتوفی ۵۰۵ھ کی شخصیت نہ صرف مسلمانوں اور ایشیا میں بلکہ غیر مسلموں اور یورپ میں بھی مُسلّم ہے۔ ان کی تصنیفات اور فلسفہ، اخلاق و تصوف پر مختلف زبانوں میں بہت کچھ کام بھی ہوا ہے مگر زیر نظر تالیف اپنے مضامین و مباحث کی جامعیت حُسن ترتیب اور عام معلومات کے اعتبار سے ایک بہترین کتاب ہو جس میں امام والامقام کے فلسفۂ اخلاق اور تصوف و کلام وغیرہ سے متعلق ایک ایک گوشے کو دلپذیر اسلوب میں بیان کیا گیا ہے۔ اخذ و ترتیب کا انداز بالکل جدید ہے اور زمانہ کے نئے تقاضوں کے ساتھ پوری مطابقت رکھتا ہے۔ آخر میں تمام اصطلاحوں کی تشریحی فہرست بھی دی گئی ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ نفیس، آرٹ پیپر کے رنگین نقشے بڑی تقطیع، صفحات ۵۰۰

تالیف ڈاکٹر سید حسین صاحب قادری شور ایم اے ریڈر شعبۂ مذہب و ثقافت عثمانیہ یونیورسٹی۔

قیمت غیر مجلد نو روپے۔ مجلد دس روپے۔

تفسیر مظہری اُردو

حضرت قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتیؒ کی یہ عظیم الشان تفسیر مختلف خصوصیتوں کے اعتبار سے بہترین تفسیر سمجھی گئی ہے